© rasailojaraid.com

ہیں اور پھر اس کا جواب دینے کے سلسلے میں اصل قاعدہ بیان کرجاتے ہیں اور اس کے بعد اصل قاعدہ مستقلاً لکھتے ہیں پھر ترجمہ کے ذریعہ اس کی کافی تمرین کراتے ہیں زبان بہت صاف۔ واضح اور عام فہم وسلیس ہے البتہ اگر مصنف اس بات کا اور اہتمام کرتے کہ اردو کے جملوں میں جو نئے الفاظ آنے والے ہیں ان کے لئے عربی کے الفاظ عربی کے جملوں میں لائے جاتے تو یہ اور زیادہ مفید ہوتا تاہم یہ کتاب اس لائق ہے کہ عربی کی تعلیم کے لئے مدارس اور اسکول اس سے فائدہ حاصل کریں۔

تمرین النحو

از مولوی محمد مصطفےٰ صاحب ندوی تقطیع خورد ضخامت ۱۳۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عمر پتہ: دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔

اس میں عربی کی جدید مصری کتاب النحو الواضح کے طرز پر ہندوستانی بچوں کے لئے نحو کے ابتدائی قواعد بیان کئے گئے ہیں مگر مشقی اور تمرینی انداز میں ہم نے خود ایک بچہ پر اس کا تجربہ کرکے دیکھا ہے اور مفید پایا ہے امید ہے کہ مدارس عربیہ اور اسکول وغیرہ اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔

القرأة الجديدة

از مولانا ابو الآثر عبد السلام النعمانی تقطیع خورد ضخامت ۲۴ صفحات قیمت ۴ر مکتبہ ندوۃ المعارف مچھلی باغ بنارس

اس رسالہ میں ۳۴ اسباق ہیں شروع کے بارہ اسباق حروف تہجی اور الفاظ کی ترکیب سے متعلق ہیں اس کے بعد جو اسباق ہیں ان میں مختلف عنوانات کے ماتحت ان سے متعلقہ الفاظ مع ان کے معانی کے یک جا جمع کردیئے ہیں عنوانات وہی ہیں جن کی ہر بچہ کو اپنے خاص ماحول میں زیادہ ضرورت پیش آتی ہے اس بنا پر جدید قاعدۂ تعلیم جس کو ڈائرکٹ میتھڈ کہتے ہیں اُس کے اعتبار سے عربی زبان کی ابتدائی تعلیم کے وقت یہ رسالہ بھی سامنے رہے تو مفید ہوگا!

سنہ ۱۹۵۱ء کا شعری ادب

تقطیع خورد ضخامت ۱۱۲ صفحات کتابت وطباعت

© rasailojaraid.com